مورخہ 04-07-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | دہشت گردی کی کارروائیوں سے حوصلہ پست نہیں ہونگے ،صدر، گورنر، وزیراعلیٰ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وفاقی وصوبائی دارلحکومتون میں یادگار شہداء تعمیر کی جائیں، قائمقام صدر کا وزیراعظم کو خط | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | گوادر کا واٹر پلانٹ مکمل وزیراعظم شہباز شریف اپنے ممکنہ دورہ گوادر کے دوران باقاعدہ افتتاح کرینگے | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | سیکورٹی فورسز پر حملہ ناقابل معافی ،میر ضیاء اللہ لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | پانچ سالہ دور میں حلقے کیلئے اجتماعی منصوبے منظور کرائے ،نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچستان میں پانی کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرینگے،خورشید شاہ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | شہید اہلکاروں کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائیگی ،سردار کھیتر ان | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بجٹ میں اجتماعی منصوبے شامل کئے گئے ہیں، سکندر عمرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | گوادر پاک فوج کی معاونت سے چبر یکانی میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | جھل مگسی گیس پراوجیکٹ یومیہ 13.7 ایم ایم ایس سی گیس پروسس کریگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان میں PSP کیڈر کی 53 آسامیاں خالی بڑے پیمانے پر ایکٹنگ چارج تفویض | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | قیدیوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے تربیت دی جارہی ہے،آئی جی جیل خانہ جات | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی ڈیفالٹ ہوگئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | گوادر صاف پانی کیلئے 1.2 ملین گیلن ڈی سیلینیشن پلانٹ مکمل | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | شیرانی اور تربت میں پیش آنے والے واقعات قابل مذمت ہیں، نواب زہری | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | عوامی قوت کے ساتھ عام انتخابات میں حصہ لیں گے ڈاکٹر عبدالمالک۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان میں مزید قبائلی تنازعات اور احتجاج کا متحمل نہیں ہوسکتا | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | عوامی حقوق کیلئے ہر فورم پر جنگ لڑیں گے اسلم بھوتانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

بلوچستان دہشتگردوں کی فائرنگ کے دو واقعات میجر سمیت 6 اہلکار شہید حملہ آور ہلاک ڈی آئی خان میں جھڑپ 3 شرپسند مارے گئے، تربت چیک پوسٹ پر دستی بم سے حملہ کسی نقصان کی اطلاع نہیں ملا، چاغی چاقوں وڈنڈوں کے وار سے یوسی چیئر مین زخمی،، کوہلو غلط انجکشن نے بچے کی جان لے لی ملزم گرفتار، چاغی میں جرگے کے حکم پر خاتون قتل مقتولہ کا بھائی گرفتار، اوستہ محمد پولیس نے 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

مورخہ 04-07-2023

**عوامی مسائل**

غیر معیاری تیل و گھی کی درعام فروخت جاری خطرناک امراض پھیلنے لگے، عالمی امن کیلئے مذہبی رواداری اور احترام ضروری ہے عوام وسماجی حلقے، کوہلو عطائی ڈاکٹر کے علاج سے چار سالہ بچہ جاں بحق، احکامات کے باوجود نوشکی سے اشیاء کی سمگلنگ کا عمل نہ رک سکا، اوستہ محمد بیکری کی ناقص مٹھائی کھانے سے 20 افراد بے ہوش، تکالیف ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں، لواحقین لاپتہ افراد، ناقص تعمیر بارش نے منٹوں میں ترقیاتی کاموں کو ملیا میٹ کردیا کروڑوں نقصان۔ حب پانی کی لائنیں مختلف مقامات سے پھٹ سڑکیں زیر آب۔

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **" وزیر اعلیٰ بلوچستان وفاق سے نالاں، وفاق میں بلوچستان کے نمائندگان کی خاموشی "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اس وقت وفاقی حکومت سے سخت نالاں دکھائی دے رہے ہیں ایسا محسوس ہورہا ہے کہ اس وقت بلوچستان اور وفاق کے درمیان فاصلے بہت زیادہ بڑھ گئے ہیں اور اس کی بنیادی وجہ بلوچستان کو اس کے آئینی حقوق فراہم نہ کرنا ہے۔ بہرحال اب کوئی قوم پرست جماعت نہیں بلکہ صوبے کا ایگزایکیٹو یہ شکوہ کررہا ہے کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہورہی ہے ہمارے وسائل پر ہاتھ صاف کیا جارہا ہے۔ بلوچستان کی ڈیموگرافی تبدیل کرکے مقامی لوگوں کو اقلیت میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ بلوچستان کے وسائل کو اونے پونے داموں کمپنیوں کے حوالے کیا گیا ہے جس بلوچستان کے عوام اور صوبے کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا بلکہ کمپنیاں اور وفاق منافع کمارہے ہیں جبکہ بلوچستان کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جارہا ہے یہ سلسلہ دہائیوں سے چلتا آرہا ہے۔ بلوچستان کے میگا منصوبوں سے ملنے والی رقم بلوچستان کو نہیں ملتی سوئی گیس کی مد میں بھی واجبات اس طرح ٹال مٹول کے ذریعے نہیں دی جارہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"وفاقی حکومت سے خیرات نہیں اپنا حق مانگ رہے ہیں "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے **"دہشت گردانہ نظریات کا خاتمہ ناگزیر "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے **"بلوچستان سیکورٹی فورسز پر حملے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے **"Chaman Jailbreak"** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 2

# Governor pays tribute to martyrs

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar has expressed his deep grief and sorrow over the martyrdom of Frontier Corps Major Saqib Hussain and Naik Baqir Ali in the encounter with terrorists in District Kech. Protection of life and property is the primary responsibility of the government.

He said that sustainable security has a fundamental role in the development and prosperity of human society and the valuable services of our guards in making Balochistan a cradle of peace and harmony. The Governor of Balochistan prayed for the elevation of the ranks of the martyrs and expressed sympathy and solidarity with their families.

Two military men, Major Saqib Hussain and Naik Baqir Ali embraced Shahadat, when terrorists ambushed their patrol in the Hoshab area, the ISPR said, hours after three levies personnel and a Frontier Corps (FC) official were martyred in the Sherani district.

The ISPR said that the combat patrol of security forces was initiated in general area Balor on "credible intelligence" about a group of terrorists linked to firing at security forces and civilians, besides planting of improvised explosive devices (IEDs) in the Hoshab area.

"While establishment of blocking positions to cut the escape routes was under way, a party of terrorists tried to ambush, closing in [on the] patrol and opened fire at the security forces," the media wing of the military said in a statement.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 04 JUL 2023

Page No: 4

MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

## گوادر کا واٹر پلانٹ مکمل وزیراعظم شہباز شریف اپنے ممکنہ دورہ گوادر کے دوران باقاعدہ افتتاح کریں گے

گوادر (این این آئی) گوادر کا 1.2 ایم جی ڈی واٹر پلانٹ مکمل وزیراعظم شہباز شریف اپنے ممکنہ دورہ گوادر کے دوران اس کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کے پروجیکٹ ڈائریکٹر داؤد بلوچ نے کہا کہ پانی کو صاف کرنے کا پلانٹ، گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) جیشل انجینئرنگ سروسز پاکستان اور چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی (CHEC) کے تعاون سے چین سے 2 ارب روپے کی گرانٹ سے مکمل کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سول، مکینیکل اور الیکٹریکل کام کی تکمیل کے ساتھ ساتھ، 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کا سینٹرل روم اب تیار اور چل رہا ہے۔

## وفاقی و صوبائی دارالحکومتوں میں یادگار شہداء تعمیر کی جائیں

### قائمقام صدر کا وزیراعظم کو خط

شہدائے ملت کی تصاویر اور پاکستانی پرچم بھی نصب کیے جائیں، خصوصی خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے چھوٹی سی کاوش ہوگی

دھرتی کے استحکام اور بقاء کیلئے شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش، عوام، نوجوان نسل کے دلوں میں زندہ رکھنا فرض ہے، بجارانی

اسلام آباد (زاہد احمد خان سے) قائم مقام صدر صادق سنجرانی نے وزیراعظم کو خط لکھ کر کہا ہے وفاقی وصوبائی دارالحکومتوں میں یادگار شہداء تعمیر کی جائیں، شہدائے ملت کی تصاویر اور پاکستانی پرچم بھی نصب کیے جائیں، صادق سنجرانی نے خط میں کہا دھرتی کے...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 9 پر

استحکام اور بقاء کیلئے شہداء کی قربانیاں بھی ناقابل فراموش ہیں، شہداء محسن ہیں، پاکستان میں امن و امان شہداء کی قربانیوں کا نتیجہ ہے، خط میں کہا گیا فرض ہے شہداء کو عوام، نوجوان نسل کے دلوں میں زندہ رکھیں، امید ہے آپ جلد از جلد ہدایات جاری کریں گے، بہادر شہداء کو خصوصی خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے چھوٹی سی کاوش ہوگی، قائم مقام صدر نے خط میں مزید لکھا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 5

## پانچ سالہ دور میں حلقے کیلئے اجتماعی منصوبے منظور کرائے، نور محمد دمڑ

**ہمارے کاروان میں عوام کی جوق در جوق شمولیت ہماری کارکردگی کا واضح ثبوت ہے، خطاب**

سنجاوی (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ میں نے اپنے پانچ سالہ دور حکومت نے تمام عوامی اجتماعی مفادات کے منصوبے منظور کرائے جن کی تکمیل سے علاقے کے عوام مستفید ہو گئے ہمارے کاروان میں عوام کی جوق در جوق شمولیت ہماری کارکردگی کا واضح ثبوت ہے پانچ سال میں وفاقی وصوبائی حکومت سے حلقے کی ترقی کیلئے اربوں روپوں کے منصوبے منظور کرائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنجاوی کلی وچ میں اپنے فنڈز سے منظور شدہ فنڈز سے مکمل ہونے والی واٹر سپلائی کے افتتاحی تقریب، وچ وتی اور کلی ویالہ اخبر گ سنجاوی میں ملک امین اللہ زخپیل کی رہائشگاہ پر شمولیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے قبائلی عمائدین، علاقے لوگوں اور پارٹی ورکروں ومحکمہ پی ایچ ای کے آفیسرز کے ہمراہ وچ وتی میں اپنے فنڈز سے مکمل ہونے والی واٹر اسکیم کا افتتاح کیا، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے بلند وبانگ دعوے نہیں بلکہ عملی کام کیا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت کی ہر یونین کونسل اور گاؤں میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے تعمیراتی کام جاری ہے شمولیتی اجتماعات میں سنجاوی یونین کونسل وچ وتی سے حاجی نصر الدین کی قیادت میں عطاء اللہ، اظہار، اسرار اللہ، فرید اللہ، اللہ نور، عطاء گل، عین الدین، محمد یعقوب، محمد یوسف، عیسیٰ خان، ہدایت اللہ، افتخار احمد، ابرار احمد نے ایک مذہبی جماعت سے مستعفی ہو کر حاجی نور محمد خان دمڑ کے کاروان میں شمولیت کا اعلان کیا جبکہ سنجاوی یونین کونسل ویالیہ اخبر گ سے ملک امین اللہ زخپیل کی قیادت میں، ندیم اللہ، نصیب اللہ، نصیر خان، سنت اللہ، سعاد اللہ، رفیع اللہ، مطیع اللہ، عزت اللہ، بسم اللہ، کریم خان، رحمت اللہ، زاہد اللہ، زین اللہ، کلیم اللہ، کبیر خان، نجیب اللہ، ثنا اللہ، عصمت اللہ، عطاء گل، محمد انور، اکرم اللہ، حبیب اللہ، نقیب اللہ، غلام دمڑ، علاؤ الدین، گلزار خان، کمال الدین، نصر الدین، ملا بختیار، عزت اللہ، محمد یونس، عبد النافع، راز شاہ، محمد رسول، علاؤ الدین، کمیل شاہ، طاہر شاہ، کاشو، عمران خان، جاوید خان، جمشید خان، سمیع اللہ، ارباس خان، سجاد اللہ، حفیظ خان، عزیز اللہ، بکار خان، غلام محمد زخپیل نے قوم پرست جماعت سے مستعفی ہو کر حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اجتماعات سے ملک محمد ایاز خان دمڑ ملک لاجور خان دمڑ، عبد القادر زخپیل، ملک امین اللہ زخپیل نے بھی خطاب کیا۔

## بلوچستان میں پانی کے مسائل حل کرنیکی کوشش کرینگے، خورشید شاہ

**تربیلا ڈیم کے سپل وے کھولے گئے ہیں، اسپیکر اسمبلی و دیگر سے گفتگو، دیگر امور پر بھی بات چیت**

کوئٹہ/سکھر (این این آئی) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل سید خورشید احمد شاہ سے بلوچستان سے آئے ہوئے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی، سیکرٹری ایریگیشن، سیکرٹری ایریگیشن سندھ اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں بلوچستان کو درپیش پانی کے مسائل پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے بعد وفاقی وزیر سید خورشید شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے آئے وفد کے خدشات کو سنا ہے اور ان کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ خورشید شاہ نے کہا کہ بلوچستان کو پانی کے مسائل کا سامنا ہے۔ اس بار کافی سال بعد تربیلا ڈیم کے سپل وے کھولے گئے ہیں۔ ربیع کی فصل کے لیے بھی پانی دستیاب ہے، خورشید شاہ نے دیگر ملکی مسائل پر بھی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، مدت مکمل ہونے کے بعد نگران سیٹ اپ آجائے گا۔

92 نیوز کوئٹہ

## سیکیورٹی فورسز پر حملہ نا قابل معافی، میر ضیا اللہ لانگو

**دہشتگردوں، سرپرستوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، صوبائی وزیر داخلہ**

**مقابلے میں میجر ثاقب حسین، نائیک باقر علی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو نے تربت میں دہشت گردوں سے مقابلے میں میجر ثاقب حسین اور نائیک باقر علی کی شہادت پر گہرے دکھ افسوس (باقی صفحہ 4 نمبر 17) کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز پر حملے کرنے والے نا قابل معافی ہیں، دہشت گردوں، سرپرستوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، فورسز نے ہمیشہ قربانی دے کر ملک میں امن قائم کیا، فورسز ملک کا دفاع جانتی ہیں، میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز پر حملے کرنے والے ملک وقوم کے دشمن ہیں، پوری قوم بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتی ہے، میر ضیاء اللہ لانگو نے شہدا کے لواحقین سے اظہار تعزیت و ہمدردی اور شہدا کے درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی۔

Century Express Quetta

## شہید اہلکاروں کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائیگی، سردار کھیتران

**دہشتگردوں کے عزائم ناکام بنانے کیلئے فورسز جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات سردار عبد الرحمن کھیتران نے دہشتگردوں سے مقابلہ میں میجر ثاقب اور نائیک باقر علی کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر مواصلات (باقی صفحہ 7 نمبر 34) نے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید اہلکاروں نے فرض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا اور ان کی یہ قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کیلئے ہماری بہادر سیکورٹی فورسز جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں اور آج بھی سیکورٹی فورسز نے جرات مندی سے مقابلہ کیا وزیر مواصلات نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یابی عطا کرے، وزیر مواصلات نے سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 6

# بجٹ میں اجتماعی منصوبے شامل کئے گئے ہیں، سکندر عمرانی

موجودہ حکومت میں صوبے کے گھمبیر مسائل کا حل ممکن ہوا، تعلیم آب نوشی صحت کے منصوبوں کو فوقیت دی گئی ہے، عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں کا حصہ ہے

**ہم نے اپنے دور اقتدار میں عوام کے بہتر مفادات کو سامنے رکھ کر اقدامات کیے، آئندہ انتخابات میں پھر سے عوام کے سامنے پیش ہونگے، عوامی منصوبوں کی کڑی مانیٹرنگ کی جارہی ہے تاکہ یہ منصوبے دیرپا ثابت ہوسکیں**

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ بجٹ میں عوام کی خواہشات کے مطابق نئی اسکیمات متعارف کروائی گئی ہیں ہم نے پہلے بھی عوام کے بہتر مفاد میں اسکیمات دیں اور اس مرتبہ بھی بجٹ میں وہ اسکیمات منظور کروائی ہیں جو اجتماعی نوعیت کی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبے کے گھمبیر مسائل کا حل ممکن ہوا صوبے میں تعلیم آب نوشی صحت سمیت دیگر منصوبوں کو اولین فوقیت دی گئی تاکہ عوام حکومت کے ان اقدامات سے مستفید ہوسکیں ہم نے اپنے دور اقتدار میں عوام کے بہتر مفادات کو سامنے رکھ کر اقدامات کئے انشاء اللہ آئندہ انتخابات میں پھر سے عوام کے سامنے پیش ہوں گے اور اپنی کارکردگی کی بنیاد پر عوام کے ووٹ کی طاقت سے کامیاب ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں عید ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے عید ملنے والے مختلف وفود نے صوبائی وزیر میر سکندر خان عمرانی کو اپنے درپیش مسائل کے متعلق آگاہی بھی فراہم کی صوبائی وزیر میر سکندر خان عمرانی نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ ہم سے جتنا ہوسکے گا عوام کے لیے بہتر

(بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

بہتر اقدامات کریں گے عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں کا حصہ ہے ان شاء اللہ عوام کی امید پر پورا اتریں گے انہیں کسی بھی قسم کی ٹھیس ہرگز پہنچنے نہیں دیں گے عوامی منصوبوں کی بھی کڑی مانیٹرنگ کی جارہی ہے تاکہ یہ منصوبے دیرپا ثابت ہوسکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 8


آئی جی جیل خانہ جات

# قیدیوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے تربیت دی جارہی ہے

جیلوں میں قیدیوں کی اصلاح کیلئے مختلف سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں تاکہ قیدی ان سرگرمیوں سے فائدہ اٹھا کر معاشرے میں ا?گے بڑھ سکیں، ملک شجاع الدین کاسی

فائن آرٹس اور کمپیوٹرز کی کلاسوں کے ساتھ انہیں موبائل فون کی مرمت جیسے ہنر بھی سکھائے جا رہے ہیں، ہماری اولین ترجیح ہے کہ قیدیوں کے جینے کا ڈھنگ تبدیل ہو

ڈیرہ اللہ یار سب جیل کی بلڈنگ کو دوبارہ بحال کرکے اسے قابل استعمال بنانے کیلئے بہت جلد فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جائے گی، سب جیل کا دورہ، صحافیوں سے گفتگو

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ وحی بخش گسی نامہ نگار) ا?ئی جی جیل خانہ جات ملک شجاع الدین کاسی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے جیلوں میں قیدیوں کی اصلاح کیلئے مختلف سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں تاکہ قیدی ان سرگرمیوں سے فائدہ اٹھا کر معاشرے میں ا?گے بڑھ سکیں انہیں ہنرمند بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جیلوں میں فائن ا?رٹس کی کلاسوں کے ساتھ انہیں موبائل فون کی مرمت جیسے ہنر بھی سکھائے جا رہے ہیں سینکڑوں قیدی کمپیوٹرز کی بھی کلاسیں لے رہے ہیں ہماری اولین ترجیح ہے کہ قیدیوں کے جینے کا ڈھنگ تبدیل ہو اور وہ معاشرے کے کارا?مد شہری بن سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سب جیل ڈیرہ اللہ یار کے دورے کے موقع پر مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اے ا?ئی جی جیل خانہ جات چھتا خان نصیرا?باد ڈسٹرکٹ جیل کے سپرینٹنڈنٹ حماد اسلم اسسٹنٹ سپرینٹنڈنٹ نذیر احمد عمرانی ایکسین بی اینڈ ا?ر اکبر علی لاشاری ودیگر پولیس حکام ان کے ہمراہ تھے ان کا کہنا تھا کہ جیلوں میں اصلاح لانے کیلئے بلوچستان حکومت بھرپور اور سنجیدہ کوششیں کررہی ہے قیدیوں کو بنیادی انسانی حقوق کی سہولیات بہم پہنچائی جارہی ہیں جیلوں میں انہیں معیاری کھانے اور بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ قیدی مجرم ہونے کے ساتھ انسان بھی ہیں جن کے بنیادی حقوق کا مکمل خیال رکھنے کیلئے واضح ہدایات جاری کردی گئی ہیں جیلوں میں واش روم بہتر کیے گئے انہیں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے مچھ سمیت مختلف جیلوں میں واٹر پیوریفیکیشن پلانٹس نصب کیے گئے ہیں قیدیوں کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں صوبے بھر کی جیلوں میں قیدیوں کے ساتھ ان کے عزیز واقارب کی ملاقاتوں کے طریقہ کار اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہوئی ہے حکومت، سول سوسائٹی اور مخیر لوگوں کے تعاون سے ویلفیئر کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں اور جرمانے کی رقوم ادا نہ کرنے والے غریب اور لاوارث قیدیوں کی مالی معاونت جیسے اقدامات بھی کیے جارہے ہیں جو خوش ا?ئند اقدام ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ ڈیرہ اللہ یار سب جیل کی بلڈنگ کو دوبارہ بحال کرکے اسے قابل استعمال بنانے کیلئے بہت جلد فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جائے گی تاکہ جعفرا?باد، اوستہ محمد اور صحبت پور اضلاع کے قیدیوں اور ان کے ورثا کو مسائل ومشکلات کا سامنا نا کرنا پڑے ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ کوئٹہ جیل سے لوعمر کے قیدی کے فرار ہونے کے واقعہ کے بعد غفلت برتنے پر پانچ ملازمین کو معطل کردیا گیا ہے۔


Century Express Quetta


# گوادر: صاف پانی کیلئے 1.2 ملین گیلن ڈی سیلینیشن پلانٹ مکمل

پلانٹ چلانے کیلئے تقریباً 90 فیصد افرادی قوت مقامی آبادی سے لی گئی، داؤد بلوچ

گوادر (این این آئی) گوادر کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے 1.2 ملین گیلن کا ڈی سیلینیشن پلانٹ شیڈول کے مطابق مکمل ہوگیا۔ وزیراعظم شہباز شریف اپنے ممکنہ دورہ (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

گوادر کے دوران اس کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر داؤد بلوچ نے بتایا کہ چین کی مالی معاونت سے 2 ارب روپے کی گرانٹ سے مکمل ہونے والے پلانٹ کیلئے گوادر پورٹ اتھارٹی، چینی انجینئرنگ سروسز پاکستان اور چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی نے اپنا تعاون پیش کیا۔ سول، مکینیکل اور الیکٹریکل کام کی تکمیل کے ساتھ ساتھ، 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کا سینٹرل روم تیار اور فنکشنل ہے۔ پلانٹ چلانے کیلئے تقریباً 90 فیصد افرادی قوت گوادر اور بلوچستان کی مقامی آبادی سے لی گئی۔ 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کی تعمیر کے ساتھ ساتھ پلانٹ کی جگہ سے گوادر شہر کے مین واٹر سپلائی نیٹ ورک تک تقریباً 1 کلومیٹر طویل واٹر سپلائی لائن بھی بچھائی گئی، 1.2 ایم جی ڈی واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ منصوبہ صاف پانی کا ایک اور ذریعہ ہوگا جو گوادر شہر اور گوادر بندرگاہ کی پانی کی طلب کو پورا کرنے میں مدد دے گا۔


INTEKHAB QUETTA


# کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی ڈیفالٹ ہوگئی

کیسکو کے 6 لاکھ 89 ہزار صارفین میں سے نصف سے زیادہ بل ادا نہیں کررہے ہیں واجبات 405 ارب روپے تک پہنچ گئے

سرکاری کمرشل اور زرعی صارفین نے اربوں کے واجبات روک رکھے ہیں، کیسکو کے کل اثاثے صرف 204 ارب روپے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی مالی دیوالیے کا شکار ہوگئی۔ دستاویزات کے مطابق 6 لاکھ 89 ہزار میں سے 3 لاکھ 44 ہزار صارفین بجلی کا بل ہی نہیں دیتے۔ 61 ارب 64 کروڑ کے بل میں سے 30 ارب 44 کروڑ ڈیفالٹر کھا گئے۔ بلوچستان میں گھریلو صارفین 4 ارب 45 کروڑ، زرعی صارفین 12 ارب اور سرکاری ادارے 5 ارب روپے کے نادہندہ جبکہ کمرشل صارفین 3 ارب اور صنعتی صارفین 4 ارب روپے کے نادہندہ ہیں۔ دستاویزات کے مطابق کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کو 108 ارب روپے کے خسارے بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر

کا سامنا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 4 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 14


# بولان: پردیسیوں کی کام پر واپسی شروع، ٹرانسپورٹرز کی من مانیاں

کوچز اور وین اسٹاپ پر رش، مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے کا سلسلہ جاری، 18 افراد کی گنجائش کی حامل وین میں 45 افراد سوار

نیشنل ہائی پولیس، لیویز اور پولیس چوکیوں پر تعینات اہلکار تماشائی، عوامی حلقوں کا ٹرانسپورٹرز کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

بولان (نامہ نگار) بلوچستان بھر میں عید کے بعد روزگار کے لئے نوجوانوں کا جیکب آباد، جعفرآباد، ڈیرہ مراد جمالی، جھل مگسی سے کوئٹہ اور سبی سے کوئٹہ جانے کا سلسلہ شروع ہو چکا، کوچز اور وین اسٹاپ پر لوگوں کا رش بڑھنے لگا، ٹرانسپورٹرز نے رش کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موت کا رقص شروع کر دیا، مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے کا سلسلہ جاری ہے، کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا خدشہ ہے، تفصیلات کے مطابق 18 افراد کی گنجائش کی حامل وین میں 45 افراد بٹھائے جا رہے ہیں، وین مالکان کی ملی بھگت سے گاڑیوں کی کمی کا کہہ کر مسافروں کو چھتوں پر سوار کیا جاتا ہے، این اے 65 بولان قومی شاہراہ پر ٹرانسپورٹرز کی چھتوں کی کمائی کی وجہ سے کئی افراد موت کے منہ میں جا چکے ہیں، گزشتہ سال کی طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں نے این اے 65 پنجرہ پل سمیت کئی مقامات سے شاہراہ کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا، شاہراہ کی خستہ حالی کی وجہ سے بولان قومی شاہراہ پر آئے روز حادثات رونما ہونے سے خونیں بولان قومی شاہراہ کے نام سے مشہور ہونے لگی ہے، شاہراہ کو خونیں شاہراہ بنانے میں ٹرانسپورٹرز اور بے بس کچھی ضلع انتظامیہ اور نصیرآباد ڈویژن انتظامیہ کا کردار ہے، دونوں انتظامیہ نے کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر رکھی ہیں، جیکب آباد تا کوئٹہ اور سبی تا کوئٹہ تک قائم نیشنل ہائی پولیس، لیویز اور پولیس کی چوکیاں پر تعینات اہلکار 100 روپے سے 200 روپے وصول کر کے خاموش تماشائی بن گئے، چوکیوں کے اہلکاروں کی کرپشن اور غفلت کی سب بڑی ذمے دار صوبائی حکومت اور انتظامیہ ہے، سیاسی وسماجی شخصیات کا کہنا ہے کہ بولان قومی شاہراہ جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس کی وجہ سے مختلف قسم کے حادثات میں ڈرائیور سے گاڑی بے قابو ہونا، ٹائر برسٹ ہونے کی واقعات بہت زیادہ رونما ہو رہے ہیں، عید سے 2 روز قبل پنجرہ پل کے مقام پر قومی شاہراہ کے ڈرو شن میں ڈرائیور سے گاڑی بے قابو ہو کر گہری کھائی میں گرنے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد لقمہ اجل بن چکے۔

# مانجھی پور: شاہی کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی قلت، دھان کی فصل کو نقصان کا خدشہ

ملازمین پیسوں کی خاطر پانی بندش کا ڈرامہ رچانے میں مصروف، کسانوں کا معاشی قتل عام جاری، محکمہ آب پاشی سندھ و بلوچستان کے اعلیٰ حکام خاموش تماشائی

شاہی کینال میں ہر سال قلت آب کا مسئلہ، کچھ دن قبل پانی چھوڑنے پر بیج کی بوائی، اب مسلسل بندش سے ہزاروں ایکڑ زمین بنجر ہونے کے خدشات بڑھ گئے، رپورٹ

مانجھی پور (نامہ نگار) شاہی کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی شدید کمی کے باعث دھان کی فصل کے لئے بویا گیا کروڑوں روپے کا بیج پانی نہ ملنے کی وجہ سے ضائع ہونے کا خطرہ ہو گیا، محکمہ آب پاشی سندھ و بلوچستان کے اعلیٰ حکام اس حوالے سے خاموش ہیں، نچلی سطح کے ملازمین مبینہ طور پر پیسوں کی خاطر پانی بندش کا ڈرامہ رچا رہے ہیں، کسانوں اور زمینداروں کے معاشی قتل کا کون ذمے دار ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق سندھ و بلوچستان کو بھی سیراب کرنے والی نہر شاہی کینال جو گدو بیراج سندھ سے نکلتی ہے، سندھ و بلوچستان کی حدود کے لئے بطور سرحدی پٹی شمار ہوتی ہے جس کی وجہ سے سندھ و بلوچستان کی زرعی زمینوں کو سیراب کرتی ہے، ہر سال لاوارث نہر میں پانی کی کمی کا مسئلہ ہوتا ہے، مبینہ طور پر ایری گیشن سندھ کا عملہ جان بوجھ کر بلوچستان کے حصے کا پانی بند کر دیتا ہے جس کی وجہ سے یہاں کے زمیندار اور کاشت کار پریشان ہوتے ہیں، نہر کے عملداروں نے کچھ دن پانی نہر میں چھوڑا جس کی وجہ سے کاشت کاروں نے بیج بونا شروع کر دیا جیسے بیج اگنے لگا پانی بند کر دیا گیا جس کی وجہ سے نا صرف چاول کے بیج ضائع ہونے کا خطرہ ہے بلکہ ہزاروں ایکڑ زرعی زمین بھی بنجر ہو جائے گی جس سے کسانوں کا معاشی قتل ہوگا۔ واضح رہے کہ شاہی کینال سے ذیلی شاخیں مانجھوٹی شاخ و دیگر بھی پانی نہ ملنے پر وہاں کے کسانوں میں مایوسی پائی جاتی ہے حکومت وقت خاص کر ایری گیشن حکام حلقے کے ایم این اے اور ایم پی اے اس خاص مسئلے کی جانب توجہ دیں۔

# ڈی ایچ کیو کوہلو میں ڈائیلاسز سینٹر 2 سال بعد فعال، عملہ تعینات

ڈپٹی کمشنر کی دلچسپی کے سبب مریضوں کو سہولت میسر، بجلی کی غیر علانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث ڈائیلاسز کا عمل متاثر

مریضوں کی شکایات پر ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر کا اظہار برہمی، جنریٹر چلانے کے لئے فوری اقدامات کے احکامات

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کی دلچسپی کے سبب ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال کوہلو کا ڈائیلاسز سینٹر 2 سال غیر فعال رہنے کے بعد گزشتہ ہفتے پھر فعال ہو گیا، سینٹر میں ٹیکنیکل عملہ تعینات کر دیا گیا، مریضوں کو ڈائیلاسز کی سہولت دہلیز پر میسر آ گئی، تفصیلات کے مطابق بجلی کی غیر علانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث ڈائیلاسز کا عمل بری طرح متاثر ہے، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال کوہلو میں موجود جنریٹر سسٹم تیل کی عدم فراہمی کے باعث غیر فعال ہے، اسپتال میں زیر علاج مریضوں نے بجلی کی عدم فراہمی کی شکایت ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر کو کی جس پر ڈپٹی کمشنر نے سخت برہمی کا اظہار کیا، فوری طور پر جنریٹر سسٹم چلانے کے لئے بیٹری فراہم کر دی، انہوں نے ایم ایس ڈی ایچ کیو کو ہدایت کی کہ زیر علاج مریضوں کو ڈائیلاسز کی سہولت فوری فراہم کی جائے، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال کوہلو میں زیر علاج مریضوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسپتال میں مشینری اور عملہ موجود ہے مگر بجلی کا کوئی انتظام نہیں ہے، جنریٹر میں فیول، ڈائیلاسز مشین میں بائی کار اور نیڈل وغیرہ کا انتظام اپنی جیب سے کر رہے ہیں، اس سے قبل پنجاب کے شہر ڈی جی خان یا کوئٹہ جانا پڑتا تھا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 04 JUL 2023 Page No: 17

# وفاقی حکومت بلوچستان کے حوالے سے اپنی یقین دہانیوں اور وعدوں کو عملی جامع پہنائے

وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے ساتھ وفاقی حکومت کے رویہ کو انتہائی افسوسناک اور مایوس کن قرار دیتے ہوئے نشاندہی کی ہے کہ وزیراعظم کی یقین دہانیوں کے باوجود تیس جون تک بلوچستان کو نہ تو پی پی ایل کے واجبات دیئے گئے نہ ہی این ایف سی کا پورا شیئر ملا۔ وزیراعظم نے بلوچستان کے مالی وسائل کے حوالے سے ایک پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی صوبائی حکومت نے کمیٹی کو تحریری طور پر گیارہ نکات پر مبنی موقف ارسال کیا لیکن یہ سب کچھ بے نتیجہ ثابت ہوا انہوں نے مزید کہا کہ پی پی ایل بلوچستان کے لئے ایسٹ انڈیا کمپنی ثابت ہو رہی ہے بلوچستان حکومت اور پی پی ایل کے درمیان سوئی معاہدہ 2015ء میں اپنی مدت پوری کر چکا ہے لیکن اس کی تجدید کے بغیر پی پی ایل اپنا آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے اس ادارے کے ذمہ ساٹھ ارب روپے سے زائد کے واجبات ہیں یہ کوئی خیرات نہیں ہمارا حق ہے مقتدر حلقے پی پی ایل کے رویے کا نوٹس لیں اور صوبے کو اس کا حق دلوائیں صوبے کو دیوار سے نہ لگایا جائے ہم اپنے حقوق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہونگے۔ وزیراعلیٰ فوری طور نئے این ایف سی ایوارڈ کے اعلان کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ 2014ء میں اپنی مدت پوری کر چکا ہے اور نیا ایوارڈ نہ آنے سے بلوچستان کو سالانہ دس ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے ہر وفاقی حکومت بلوچستان کے مسائل حل کرنے اسے حقوق دینے اور دوسرے صوبوں کے برابر لانے کے دعوے ضرور کرتی ہے لیکن یہ وعدے نہ ماضی میں ایفاء ہوئے نہ اب ہو رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ بلوچستان میں ترقی کا عمل بہت سست روی کا شکار ہے

بلوچستان کو وفاقی حکومت سے جو وسائل ملتے ہیں ان سے صرف غیر ترقیاتی اخراجات ہی پورا ہوتے ہیں وسائل کا بڑا حصہ قرضوں کی ادائیگی تنخواہوں پنشن اور سرکاری ملازمین کی مراعات پر خرچ ہو جاتا ہے ترقیاتی منصوبوں کے لئے ایک قلیل رقم بچتی ہے وہ بھی پوری نہیں ملتی اس طرح صوبے کا ترقیاتی عمل چیونٹی کی رفتار سے چل رہا ہے حالیہ مہینوں کے دوران وزیراعظم وزیرخزانہ اور دیگر وزراء کی جانب سے بلوچستان کو واجب الادا رقوم کی فراہمی کے حوالے سے بار بار یقین دہانیاں کرائی گئیں لیکن ان پر عمل آج تک نہیں ہوا اب نیا مالی سال شروع ہو چکا ہے اس لئے اب ان وعدوں پر عملدرآمد کی ساری امیدیں دم توڑ گئی ہیں دو ماہ بعد مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی آئینی معیاد پوری ہو جائے گی اس لئے وفاق اور پی پی ایل پر جو رقم واجب ادا ہے اس کے ملنے کے امکانات بھی صفر ہوتے جا رہے ہیں پی پی ایل اور صوبائی حکومت کا معاہدہ 2015ء میں مدت پوری کر چکا ہے لیکن اس کی تجدید غالباً اس لئے نہیں کی جا رہی کہ پی پی ایل کو کہیں صوبے کو زیادہ رقم نہ دینا پڑ جائے اسی طرح این ایف سی ایوارڈ 2014ء میں اپنی مدت پوری کر چکا ہے نو سال گزرنے کے باوجود نیا این ایف سی ایوارڈ کیوں نہیں ہوا اس کا جواب وفاقی حکومت کو دینا چاہئے این ایف سی ایوارڈ ختم ہونے کے بعد مرکز اور صوبوں میں دو دو حکومتیں آ چکی ہیں لیکن کسی حکومت نے ان معاملات پر توجہ نہیں دی این ایف سی شیئر اور پی پی ایل سے ملنے والی اربوں کی رقوم بلوچستان کو خیرات کے طور پر نہیں دی جاتیں یہ تو آئینی اور قانونی حق ہے جسے پورا کرنا وفاق اور پی پی ایل کی آئینی ذمہ داری ہے۔ صوبے کی پسماندگی اور اس کا احساس محرومی دور کرنا بنیادی طور پر وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کیونکہ ماضی میں صوبے کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا جس کے نتیجے میں یہ دوسرے صوبوں سے عشروں پیچھے رہ گیا مرکز اور پی پی ایل جیسے اداروں کی یہی روش رہی تو یہ صوبہ ایک طویل عرصے تک اس صورتحال سے دوچار رہے گا اور اس کے باشندوں کی محرومیوں میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan news
Bullet No. 6 DATE: 04 JUL 2023 Page No. 19

## صوبائی حکومت کے مستحسن اور عوام دوست اقدامات کا جائزہ

بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ۔ اقدامات اٹھا رہی ہے عیدالاضحیٰ سے قبل جون کے مہینے میں وزیراعلیٰ کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت نے جو بجٹ پیش کیا وہ اسی بات کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت نے مشکلات اور رکاوٹوں کو آڑے آنے نہیں دیا اور عوام دوست اقدامات اٹھائے۔ یہاں اس بات کا بھی ذکر ضروری ہے کہ جس طرح وزیراعظم شہباز شریف کو ورثے میں مسائل ہی مسائل ملے بعینہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی انتہائی نامساعد حالات میں حکومت سنبھالی اور اس حکومت کو شروع دن سے معاشی مسائل کا سامنا کرنا پڑا لیکن وزیراعلیٰ اور ان کی ٹیم نے ہار ماننے کی بجائے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جس کے نتیجے میں یہ حکومت اس قابل ہوئی کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے مزید منصوبے شامل کر سکے۔ وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے گزشتہ مہینے بلوچستان اسمبلی میں بجٹ پیش کرنے کے موقع پر اپنی تقریر میں ان حالات اور حکومت کی ترجیحات واہداف کا اچھی طرح سے احاطہ کیا اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح اور دوٹوک انداز میں اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ حکومت کا یہ دوسرا بجٹ ہے۔ ہماری حکومت نے اپنی مختصر مدت مکمل کی ہے۔ کسی بھی حکومت کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے یہ عرصہ نہایت کم ہوتا ہے۔ تاہم ہم نے اس مختصر مدت کے دوران بہت سی اہم کامیابیاں حاصل کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں اس مخلوط صوبائی حکومت نے ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ کیا۔ شروع دن سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے ذرائع پیدا کرنے پر توجہ دی ۔عوام کی عزت نفس اور ان کے احترام کو اپنی اولین ترجیح سمجھا۔ صوبے میں باہمی احترام اور رواداری کو فروغ دیا۔ صوبے کے اہم معاملات میں سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر تمام سیاسی قیادت کو اعتماد میں لیا۔ انفرادی حیثیت میں فیصلہ کرنے کی بجائے صوبے کی نمائندہ اسمبلی کے ایوان کو مشاورت کا مرکز بنایا اور تمام اہم فیصلے کابینہ کی منظوری سے کیے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں حکومت بلوچستان ایک جمہوری اور سیاسی تصور کے مطابق عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی ہمہ جہت ترقی کے لیے درست سمت کی جانب گامزن ہے۔ یہ وزیراعلیٰ کی قائدانہ صلاحیتوں کا ثمر ہے کہ بلوچستان ہمہ گیر ترقی اور خوشحالی کی طرف بڑھ رہا ہے صوبائی حکومت نے سیلاب زدگان کی فلاح کے لیے 7 ارب روپے پی ڈی ایم اے کو دیے۔ رمضان پیکج کے تحت مفت راشن فراہم کیا جس کے لیے تقریباً 2 ارب روپے کے فنڈ فراہم کیے گئے۔ شام و ترکی کے زلزلہ زدگان کے لیے 1 ارب روپے کا امدادی سامان فراہم کیا۔ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے قلیل عرصے میں ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ کیا، صحت کارڈ، کسان کارڈ کا اجراء، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی منظوری، گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن کے 1493 اساتذہ کی مستقلی، محکمہ مواصلات و تعمیرات کے 361 ملازمین کی بحالی، صوبے کے جامعات کو اربوں روپے کے بیل آؤٹ پیکج کا اجراء، صاف اور شفاف بلدیاتی انتخابات کا انعقاد، سیلاب اور ہرنائی کے زلزلہ زدگان کی بروقت امداد اور بحالی، پرامن ماحول میں ڈیجیٹل مردم شماری، 19 سال بعد نیشنل گیمز کا انعقاد، صوبے میں پہلی مرتبہ پی ایس ایل کے نمائشی میچ کا انعقاد، صحافیوں کے لیے رہائشی کالونی اور ہاکرز ویلفیئر فنڈ کا قیام، ماہی گیروں کے لیے رہائشی کالونی، ماہی گیر کا درجہ مزدور کے برابر قرار، گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ، بینک آف بلوچستان کی فزیبلٹی کی تکمیل، پی پی ایل کے ذمہ صوبے کے واجبات کی ادائیگی کے لیے عملی اقدامات، سینڈک میٹل لمیٹڈ کی جانب سے صوبے کو 2.5 ارب روپے کی ادائیگی، نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کے لیے انڈوومنٹ فنڈ کا قیام، بار کونسلز اور بار ایسوسی ایشنز کو گرانٹ ان ایڈ، بارڈر ٹریڈ کی موثر روانی کے لیے بارڈر مارکیٹوں کا قیام، عوام کی عزت نفس کی بحالی کے لیے غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ، صوبے کے مختلف اضلاع میں انٹرن اساتذہ کی مستقلی، محکمہ اعلیٰ تعلیم کے زیر انتظام سرچ کمیٹی کی سفارشات پر جامعات کے وائس چانسلرز کی تعیناتی، اساتذہ کی ان کے متعلقہ اضلاع میں تعیناتی، غیر فعال سکولوں کی فعالیت، ایران سے گوادر کو 100 میگا واٹ بجلی کی فراہمی کے منصوبے کی تکمیل، صوبے میں گندم کی قلت کو دور کرنے اور عوام کو وافر مقدار میں گندم کی فراہمی کے لیے بروقت گندم کی خریداری کے ہدف کا حصول، ٹریفک انجینئرنگ بیورو کا قیام، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے 37 کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی، لواحقین کوٹہ (متوفی کوٹہ) کی بحالی، لینڈ ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن، صوبے میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے ای خدمت مراکز کا قیام اس موجودہ مخلوط صوبائی حکومت کے ایسے اہم اقدامات ہیں جن کی نظیر ماضی میں نہیں ملتی وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ ایک دوسرے کو عزت و احترام دینا بلوچستان کی دیرینہ روایت ہے اور ہم اپنی اس روایت کے امین ہیں۔ ہم جب تک اقتدار میں رہیں گے صوبے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لیے خلوص نیت سے کام کرتے رہیں گے ہم ان کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں یہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل، عوام کی ترقی و خوشحالی اور فلاح و بہبود کے جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھے گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

DATE: 04 JUL 2023

Page No: 20


## بلوچستان: سکیورٹی فورسز پر حملے

بلوچستان کے ضلع شیرانی کے علاقے دہانہ سر میں سکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد فائرنگ کے تبادلے میں ایف سی کا ایک اور پولیس کے 3 اہلکار شہید ہو گئے جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہوئے ہیں۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے واقعہ کی ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ ضرب عضب، ردالفساد، خیبر ون اور خیبر ٹو آپریشن کے باوجود دہشت گردوں کا سکیورٹی فورسز کے قافلوں پر یوں حملہ کرنا باعث حیرت ہے۔ پاک فوج ملک کے تحفظ کے لئے شہادتیں پیش کرتی آئی ہے۔ انٹیلی جنس اداروں اور بہادر افواج کی جانفشانی دہشت گردوں کو پسپا کر رہی ہے۔ کالعدم تحریک طالبان بھارت سے پیسے لیکر پاکستان میں بدامنی پھیلاتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ شواہد کے ساتھ اس مسئلے کو عالمی سطح پر اٹھایا جائے؟ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے حالیہ دورہ امریکہ میں پاکستان پر دہشت گردی کا الزام عائد کیا۔ پاکستان کو بلوچستان اور کے پی میں دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے پر بھارت کے بارے میں عالمی برادری کو اعتماد میں لینا چاہئے۔ افواج پاکستان کو بیرونی دشمن پر سخت نظر رکھنی چاہیے تاکہ پاکستان کا دشمن پاک سرزمین پر کسی بھی دہشت گرد گروپ کی مالی امداد نہ کر سکے۔ جب تک دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں کا خاتمہ اور ان کی مالی امداد کرنے والے گروہوں کے خلاف کارروائی نہیں کی جائے گی تب تک ملک میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 04 JUL 2023 Page No: 21

# Chaman Jailbreak

At least 17 high-profile prisoners on Thursday (Eid Day) managed to escape from the Chaman prison in Balochistan. Chaman is a border town of Balochistan. The jailbreak occurred early in the morning during the period reserved for Eid prayers. According to police Barrack Number 4's prisoners, who were mostly implicated in serious crimes, including murder and attempted murder, staged a surprise attack on the officers on duty. Armed with the crutches of disabled inmates, at least 20 prisoners overwhelmed the on-duty officers, managed to snatch an official Kalashnikov from a sentry posted at the main gate, and opened fire. As a result, one police officer was injured. The prisoners then shot open the main gate's lock to escape. Chaman jail is situated on Taj Road, near the city's police station.

Following the escape, the police, along with the Quick Response Force, immediately initiated a search operation. Encounters between the police and the escaped prisoners in the areas of Hudi Pakht and Gorai Kahol led to the death of one of the fugitives and injured two others, who were taken to the hospital. Sources raised the possibility that external facilitators might have aided the prisoners in their escape. Balochistan Home Minister Mir Ziaullah Langove ordered an inquiry into the incident and directed the police to round up the escaped prisoners. He also directed the prison chief to conduct a thorough inquiry against the jail wardens posted there at the time. The police claimed to have re-arrested one of the prisoners. The department has suspended three police officers, including the jailer, and launched an inquiry against them. Incidents of escape of prisoners from jails in Balochistan are extremely less. However, this incident of escape of 17 prisoners from the jail is unusual in the background of which the administrative weakness is evident. Therefore, the investigation team should not neglect any aspect in finding out the facts. The suspicion of internal involvement of officials in the conspiracy has very dangerous implications and if this possibility is not fully resolved, there will be a fear of such incidents happening in the future as well. The provincial authorities should not sit calm until all escaped prisoners are behind bars and the officials involved are brought to justice. Due to the law and order situation particularly in Balochistan, it is essential that the authorities concerned must increase security of all jails and further improve the security situation so that any such incident could not occur in future.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 04 JUL 2023 Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے بی این پی کے رہنما حاجی زاہد بلوچ ملاقات کر رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 04 JUL 2023 Page No:________



اسپیکر جان جمالی اور محمد خان لہڑی اوستہ محمد میں نہروں کا دورہ کر رہے ہیں